# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON LAW AND JUSTICE ON THE CONSTITUTION (AMENDMENT) BILL, 2020

I, Chairman of the Standing Committee on Law and Justice, have the honour to present this report on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2020] referred to the Committee on 28th May, 2019.

2. The Committee comprises the following:-

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Mr. Riaz Fatyana | Chairman |
| 2. | Mr. Atta Ullah | Member |
| 3. | Mr. Lal Chand | Member |
| 4. | Mr. Muhammad Farooq Azam Malik | Member |
| 5. | Ms. Kishwer Zehra | Member |
| 6. | Ms. Maleeka Ali Bokhari | Member |
| 7. | Mr. Muhammad Sana Ullah Khan Masti Khel | Member |
| 8. | Malik Muhammad Ehsan Ullah Tiwana | Member |
| 9. | Agha Hassan Baloch | Member |
| 10. | Mr. Sher Ali Arbab | Member |
| 11. | Ms. Shunila Ruth | Member |
| 12. | Mr. Saad Waseem | Member |
| 13. | Rana Sana Ullah Khan | Member |
| 14. | Ch. Mehmood Bashir Virk | Member |
| 15. | Mr. Usman Ibrahim | Member |
| 16. | Khawaja Saad Rafique | Member |
| 17. | Syed Hussain Tariq | Member |
| 18. | Syed Naveed Qamar | Member |
| 19. | Dr. Nafisa Shah | Member |
| 20. | Ms. Aliya Kamran | Member |
| 21. | Barrister Dr. Muhammad Farogh Naseem<br>Minister for Law and Justice | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at **(Annex-A)** in its meeting held on 05th September, 31st October, 28th November, 2019 and 25th February, 2020 and made the following amendment therein:-

### Clause 3

In clause (3), for the expression, "The state shall not discriminate", the expression, "Subject to constitution, there shall be no discrimination", shall be substituted.

4. The Committee recommends that the Bill as reported by the Committee placed at **(Annex-B)** may be passed by the National Assembly.

Sd/-
TAHIR HUSSAIN
Secretary
Islamabad, the 12th March, 2020

Sd/-
(RIAZ FATYANA)
Chairman

ANNEX – 'A'

# AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY

**A**

**BILL**

further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan

WHEREAS, it is expedient further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:

1. **Short title and commencement.**– (1) This Act may be called the Constitution (Amendment) Bill, 2019.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of Article 25 of the Constitution.**- In the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, for Article 25, the following shall be substituted, namely:-

"25. **Equality of citizens.**– (1) All persons are equal before law and are entitled to equal protection of law.

(2) Equality is full and equal enjoyment of all rights and freedoms.

(3) The state shall not discriminate directly or indirectly against anyone on grounds of race, gender, sex, pregnancy, marital status, ethnic or social origin, colour, age, disability, religion or language.

(4) The state shall promote the achievement of equality, by taking measures designed to promote those disadvantaged by discrimination and undertake legislation to enforce and ensure equality for all citizens.".

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Equality is the central principle of fundamental rights in modern constitutions. In Pakistan equality before the law is guaranteed in Article 25. In sub-clause 2 it is further qualified that there shall be no discrimination on the basis of sex.

2. However, discrimination and marginalization of different sections of society continues on the basis of many other characteristics and as such it is imperative to explicitly articulate and express that the state rejects these forms and types of discrimination.

3. The Bill seeks to achieve the above-said objectives.

Sd/-

**DR. NAFISA SHAH**
**Members, National Assembly.**

ANNEX-'B'.

[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

**BILL**

*further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan*

WHEREAS, it is expedient further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:

1. **Short title and commencement.** **(1)** This Act may be called the Constitution (Amendment) Act, 2020.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of Article 25 of the Constitution.**- In the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, for Article 25, the following shall be substituted, namely:-

"**25. Equality of citizens.**- (1) All persons are equal before law and are entitled to equal protection of law.

(2) Equality is full and equal enjoyment of all rights and freedoms.

(3) Subject to constitution, there shall be no discrimination directly or indirectly against anyone on grounds of race, gender, sex, pregnancy, marital status, ethnic or social origin, colour, age, disability, religion or language.

(4) The state shall promote the achievement of equality, by taking measures designed to promote those disadvantaged by discrimination and undertake legislation to enforce and ensure equality for all citizens.

**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**

Equality is the central principle of fundamental rights in modem constitutions. In Pakistan equality before the law is guaranteed in Article 25. In sub-clause 2 it is further qualified that there shall be no discrimination on the basis of sex.

2. However, discrimination and marginalization of different sections of society continues on the basis of many other characteristics and as such it is imperative to explicitly articulate and express that the state rejects these forms and types of discrimination.

3. The Bill seeks to achieve the above-said objectives.

**Sd/-**
**DR. NAFISA SHAH**
**Members, National Assembly.**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۰ء پر قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف کی رپورٹ

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف ۲۸ر مئی، ۲۰۱۹ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۰ء] پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | جناب ریاض فتیانہ | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب عطاء اللہ | رکن |
| ۳۔ | جناب لال چند | رکن |
| ۴۔ | جناب محمد فاروق اعظم ملک | رکن |
| ۵۔ | محترمہ کشور زہرا | رکن |
| ۶۔ | محترمہ ملیکہ علی بخاری | رکن |
| ۷۔ | جناب محمد ثناء اللہ خان مستی خیل | رکن |
| ۸۔ | ملک محمد احسان اللہ ٹوانہ | رکن |
| ۹۔ | آغا حسن بلوچ | رکن |
| ۱۰۔ | جناب شیر علی ارباب | رکن |
| ۱۱۔ | محترمہ شنیلہ روت | رکن |
| ۱۲۔ | جناب سعد وسیم | رکن |
| ۱۳۔ | رانا ثناء اللہ خان | رکن |
| ۱۴۔ | چوہدری محمود بشیر ورک | رکن |
| ۱۵۔ | جناب عثمان ابراہیم | رکن |
| ۱۶۔ | خواجہ سعد رفیق | رکن |
| ۱۷۔ | سید حسین طارق | رکن |
| ۱۸۔ | سید نوید قمر | رکن |
| ۱۹۔ | ڈاکٹر نفیسہ شاہ | رکن |
| ۲۰۔ | محترمہ عالیہ کامران | رکن |
| ۲۱۔ | بیرسٹر ڈاکٹر محمد فروغ نسیم<br>وزیر برائے قانون وانصاف | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے اپنے اجلاسوں منعقدہ ۵ر ستمبر، ۳۱ر اکتوبر، ۲۸ر نومبر، ۲۰۱۹ء اور ۲۵ر فروری، ۲۰۲۰ء کو (ملسلکہ۔الف) کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور اس میں حسب ذیل ترمیم وضع کی:۔

### شق ۳

شق (۳) میں، عبارت "ریاست امتیاز روا نہیں رکھے گی" کی بجائے عبارت "دستور کے تحت، کوئی امتیاز روا نہیں رکھا جائے گا" تبدیل کر دی جائے گی۔

۴۔ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ (ملسلکہ۔ب) کے طور پر کمیٹی کی جانب سے رپورٹ کردہ صورت میں قومی اسمبلی بل کی منظوری دے۔

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری

دستخط/۔
(ریاض فتیانہ)
چیئرمین

اسلام آباد، ۱۲ر مارچ، ۲۰۲۰ء

منسلکہ الف

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ __**مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔**__ (۱) ایکٹ ہذا دستور (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۱۹ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ __**دستور کے آرٹیکل ۲۵ کی ترمیم:**__ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں، آرٹیکل ۲۵ کی بجائے حسب ذیل تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۲۵۔ __شہریوں سے مساوات۔__۔ (۱) تمام شہری قانون کی نظر میں برابر ہیں اور قانونی تحفظ کے مساوی طور پر حقدار ہیں۔

(۲) تمام حقوق اور آزادیوں سے مکمل اور برابر مستفید ہونا مساوات ہے۔

(۳) ریاست کسی بھی شخص کے ساتھ نسل، صنف، جنس، زمانہ حمل، ازدواجی حیثیت، نسلی یا سماجی نژاد، رنگ، عمر، معذوری، مذہب یا زبان کی بنیاد پر بلاواسطہ یا بالواسطہ کوئی امتیاز روا نہیں رکھے گی۔

(۴) ریاست امتیازی رویے سے متاثرہ افراد کی ترقی کے لئے اقدامات کر کے مساوات کے حصول کو فروغ دے گی اور تمام شہریوں کے لئے مساوات کے نفاذ کے لئے اور اسے یقینی بنانے کے لئے قانون سازی کرے گی۔"۔

## __بیان اغراض ووجوہ__

مساوات دور جدید کے دساتیر میں بنیادی حقوق کا مرکزی اصول ہے۔

پاکستان میں، آرٹیکل ۲۵ میں قانون کی نظر میں برابری کی ضمانت دی گئی ہے۔ ذیلی شق ۲ میں مزید یہ مذکور ہے کہ جنس کی بنیاد پر کوئی امتیاز روا نہیں رکھا جائے گا۔

۲۔ تاہم، متعدد دیگر اوصاف کی بنیاد پر معاشرے کے مختلف طبقات سے امتیاز برتنا اور ان کو غیر اہم گردانا اب بھی جاری ہے لہٰذا لازم ہے کہ اس امر کا واضح تعین اور اظہار کیا جائے کہ ریاست امتیاز کی ان اشکال اور اقسام کو مسترد کرتی ہے۔

۳۔ اس بل کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط/۔

ڈاکٹر نفیسہ شاہ

رکن، قومی اسمبلی۔

منسلکہ۔ب۔

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

## اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا دستور (ترمیمی) ایکٹ ۲۰۲۰ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **دستور کے آرٹیکل ۲۵ کی ترمیم:** اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں، آرٹیکل ۲۵ کی بجائے حسب ذیل تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۲۵۔ **شہریوں سے مساوات۔** (۱) تمام شہری قانون کی نظر میں برابر ہیں اور قانونی تحفظ کے مساوی طور پر حقدار ہیں۔

(۲) تمام حقوق اور آزادیوں سے مکمل اور برابر مستفید ہونا مساوات ہے۔

(۳) دستور کے تحت کسی بھی شخص کے ساتھ نسل، صنف، جنس، زمانہ حمل، ازدواجی حیثیت، نسلی یا سماجی نژاد، رنگ، عمر، معذوری، مذہب یا زبان کی بنیاد پر بلاواسطہ یا بالواسطہ کوئی امتیاز نہیں رکھا جائے گا۔

(۴) ریاست امتیازی رویے سے متاثرہ افراد کی ترقی کے لئے اقدامات کر کے مساوات کے حصول کو فروغ دے گی اور تمام شہریوں کے لئے مساوات کے نفاذ کے لئے اور اسے یقینی بنانے کے لئے قانون سازی کرے گی۔"۔

## بیان اغراض و وجوہ

مساوات دور جدید کے دساتیر میں بنیادی حقوق کا مرکزی اصول ہے۔

پاکستان میں، آرٹیکل ۲۵ میں قانون کی نظر میں برابری کی ضمانت دی گئی ہے۔ ذیلی شق ۲ میں مزید یہ مذکور ہے کہ جنس کی بنیاد پر کوئی امتیاز روا نہیں رکھا جائے گا۔

۲۔ تاہم، متعدد دیگر اوصاف کی بنیاد پر معاشرے کے مختلف طبقات سے امتیاز برتنا اور ان کو غیر اہم گردانا اب بھی جاری ہے لہٰذا لازم ہے کہ اس امر کا واضح تعین اور اظہار کیا جائے کہ ریاست امتیاز کی ان اشکال اور اقسام کو مسترد کرتی ہے۔

۳۔ اس بل کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط/۔

ڈاکٹر نفیسہ شاہ

رکن، قومی اسمبلی۔